نماز کے فرائض اور واجبات دونوں میں "سجدے کا دوبار ہونا" لکھا ہے، اس کی کیا وجہ ہے؟

مجیب: مولانا محمد نور المصطفیٰ عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3355

تاریخ اجراء: 08 جمادی الاخریٰ 1446ھ / 11 دسمبر 2024ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اسلامی بہنوں کی نماز میں فرائض کے بیان میں لکھا ہوا ہے کہ: "ہر رکعت میں دوبار سجدہ فرض ہے۔" اور یہی بات واجبات کے بیان میں بھی لکھی ہوئی ہے۔ اس کی کیا حقیقت ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

مذکورہ کتاب میں فرائض اور واجبات کے بیان میں سجدے کا دوبار ذکر دو مختلف مسئلوں کو بیان کرنے کے لیے کیا گیا ہے۔ جس کی تفصیل یہ ہے کہ فرائض میں اس کی فرضیت کو بیان کیا گیا ہے کہ "ہر رکعت میں دوبار سجدہ فرض ہے۔"یعنی اگر کسی نے کسی رکعت میں ایک ہی سجدہ کیا ہے اور دوسرا سجدہ کیے بغیر ہی نماز ختم کرلی تو فرض مکمل نہ ہونے کی وجہ سے اس کی نماز نہیں ہوگی۔

جبکہ واجبات میں یہ بیان ہوا ہے کہ "سجدہ ہر رکعت میں دو ہی بار کرنا واجب ہے"یعنی اگر دو سے زیادہ کرلیے تو اس صورت میں واجب ترک ہوگا۔ تو جان بوجھ کر کرنے کی صورت میں نماز کا اعادہ لازم ہوگا اور بھول کر ہونے کی صورت میں سجدہ سہو لازم ہوگا۔

در مختار میں واجبات نماز کے بیان میں ہے "وترك تكرير ركوع وتثليث سجود "ترجمہ: رکوع کی تکرار اور تین مرتبہ سجدہ کرنے کو ترک کرنا (واجب ہے)۔

اس کے تحت رد المحتار میں ہے "لأن في زيادة ركوع أو سجود تغيير المشروع لأن الواجب في كل ركعة ركوع واحد وسجدتان فقط، فإذا زاد على ذلك فقد ترك الواجب "ترجمہ: کیونکہ کوئی رکوع یا سجدہ زیادہ کرنے کی صورت میں مشروع طریقہ میں تبدیلی ہوگی، اس لیے کہ واجب ہے کہ ہر رکعت میں صرف ایک

رکوع اور صرف دو سجدے کیے جائیں، پس اس پر اضافہ کرنے میں ترکِ واجب ہوگا۔(ردالمحتار علی الدرالمختار، جلد2، صفحہ201، مطبوعہ کوئٹہ)

ہر رکعت میں دوبار سجدے کی فرضیت کے متعلق بہار شریعت میں ہے"ہر رکعت میں دوبار سجدہ فرض ہے۔"

(بہار شریعت، جلد01، حصہ03، صفحہ513، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

واجباتِ نماز بیان کرتے ہوئے اسی میں ہے"اور سجود کا دوہی بار ہونا۔"(بہار شریعت، جلد01، حصہ03، صفحہ519، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net